بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## نصاب برائے ممبران جولائی ،اگست،ستمبر 2011ء (حلقہ نورالایمان)

**ناظرہ :** روزانہ ایک ربع تلاوت کی کوشش کریں ۔قرآن پڑھنے کا ایک وقت مقرر کریں۔ اگر کسی روز ناظرہ نہ پڑھیں تو 50 سینٹ جرمانہ کسی ڈبی میں ڈالیں ۔اور تین ماہ مکمل ہونے کے بعد اکتوبر کے پہلے ہفتے میں شہر کے بیت المال میں جمع کروائیں۔رمضان میں ایک قرآن مکمل کرنے کی کوشش کریں۔

| | جولائی | اگست | ستمبر | |
|---|---|---|---|---|
| **تفسیر :** | سُوۡرَةُ الۡعَصۡر | سُوۡرَةُ الۡقَدۡر | سُوۡرَةُ الزِلۡزَال | کی تفسیر پڑھیں۔ |
| **حفظ :** | سُوۡرَةُ الۡعَصۡر | سُوۡرَةُ الۡقَدۡر | سُوۡرَةُ الزِلۡزَال | مع ترجمہ خود بھی یاد کریں اور بچوں کو بھی یاد کروائیں۔ |

**حدیث :** اَلصَّبۡرُ عِنۡدَ الصَّدۡمَةِ الۡاُوۡلٰی

ترجمہ: صبر وہی اچھا ہے جو مصیبت شروع ہوتے ہی کیا جائے (مع ترجمہ یاد کریں)

**دعا:** شب قدر کی خاص دعا مع ترجمہ یاد کریں۔

**اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیۡمٌ تُحِبُّ الۡعَفۡوَ فَاعۡفُ عَنِّیۡ**

ترجمہ: اے میرے اللہ! تو بہت معاف فرمانے والا اور بڑا کرم فرما ہے،اور معاف کردینا تجھے پسند ہے،پس تو میری خطائیں معاف فرمادے۔

**لٹریچر:** "رمضان کیسے گزاریں" از خرم مراد کا مطالعہ کریں۔

**اخلاقیات:** کسی کی ناپسندیدہ بات کو میں اللہ کی خاطر برداشت کروں گی۔فوری طور پر جواب نہیں دونگی۔

**سوچ :** میرے تمام رویے اللہ دیکھ رہا ہے۔

**عملی قدم:** عَنۡ عَائِشَةَ قَالَتۡ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يَقُوۡلُ مَا خَالَطَتِ الصَّدَقَةُ مَالًا قَطُّ اِلَّا اَهۡلَكَتۡهُ

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے کہ مالِ زکوٰۃ جب دوسرے مال میں ملے گا تو ضرور اس کو تباہ کردے گا۔

☆ رمضان میں اپنی زکوٰۃ ضرور ادا کریں۔

**بچوں کی تربیت:** بچوں کو بہن بھائیوں میں ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑے میں صبر کا رویہ سکھائیں۔بچوں کے ساتھ "سلام" کو رواج دیں۔

**دعوت دین :** اپنے اوقات اور دلچسپیوں کو اللہ کی خاطر قربان کریں۔اور انہیں دین کی خاطر استعمال کریں۔اپنے کردار کو لوگوں کے سامنے اس طرح پیش کریں کہ آپ دعوت دین کا عملی نمونہ نظر آئیں۔

☆جب بھی نصاب پڑھیں تو نیچے خانے میں نشان لگاتی جائیں۔

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |